نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

پنجاب میں نہری نظام کے موجودہ انفراسٹرکچر کو مزید وسیع کرنے کے لئے''جلالپور آبپاشی کینال کے تحت کمانڈ ایریا ڈویلپمنٹ کے منصوبہ''پر عملدرآمد جاری ہے۔ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی ملک محمد اکرم

لاہور **19** جولائی **2022**: ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) پنجاب ملک محمد اکرم نے بتایا ہے کہ پنجاب کی بیشتر زرعی زمینوں کو نہری پانی سے سیراب کیا جاتا ہے مگر 25 لاکھ سے زیادہ آبادی والے اضلاع جہلم اور خوشاب میں آبپاشی کیلئے نہری نظام نہ ہونے کے سبب کسان بارش کے پانی پہ ہی انحصار کرتے تھے۔حکومت پنجاب کی جانب سے اس مسئلہ کے حل اور پوٹھوہار کے کاشتکاروں کے معاشی استحکام کیلئے جلال پور کینال کے منصوبے پر عملدرآمد جاری ہے۔جلالپور آبپاشی منصوبہ کے تحت دریائے جہلم پر قائم رسول بیراج سے نکلنے والی یہ نہر جہلم اور خوشاب کے اضلاع میں زرعی رقبے کو سیراب کرے گی۔اس منصوبہ کے تحت کمانڈ ایریا ڈویلپمنٹ کا کام محکمہ زراعت اصلاح آبپاشی کر رہا ہے۔اس پراجیکٹ کے تحت جلالپور نہر کے کمانڈ ایریا میں 3 ارب 96 کروڑ روپے کی لاگت سے 30 ہزار ایکڑ رقبے کی لیزر لینڈ لیولنگ،2 ہزار ایکڑ رقبے پر جدید نظام آبپاشی (ڈرپ/سپرنکلر) کی تنصیب، 485 کھالہ جات کی تعمیر و پختگی اور 20 آبی تالاب بمع سولر پمپنگ سٹیشنز کی تنصیب کی جا رہی ہے۔اس کے علاوہ نہر کے کمانڈ ایریا کے کاشتکاروں کو 120 ربیع ڈرل، 1,200 ہینڈ سپریئرز اور 664 نمائشی پلاٹس لگانے کیلئے سبسڈی مہیا کی جا رہی ہے۔انھوں نے مزید بتایا کہ حکومت پنجاب کی جانب سے قابلِ کاشت اراضی کو پانی فراہم کرنے کے لیے پنجاب میں نہری نظام بہتر اور فعال بنانے کے ساتھ موجودہ انفراسٹرکچر کو مزید وسیع کرنے کے لئے موثر اقدامات کئے جا رہے ہیں۔جن کا مقصد تمام کسانوں تک نہری پانی کی رسائی کو ممکن بنا کر ان کو خوشحال بنانا ہے۔مستقبل میں پاکستان کی تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کے لیے خوراک کی کمی ایک سنگین مسئلہ بن سکتی ہے لہٰذا اس پر قابو پانے کے لیے کم پانی کے استعمال سے زیادہ سے زیادہ فی ایکڑ پیداوار کا حصول اور قابلِ کاشت غیر نہری اراضی کو پانی فراہم کرنا ناگزیر ہے۔

☆☆☆☆